

**از صدر ہنری بی۔ آئرنگ**
صدارتی مجلسِ اعلیٰ میں مشیرِ اول

# خدمت اور ابدی زندگی

**نجات** دہندہ، ہمارے لیے بے لوث خدمت کا نمونہ ہے۔ اُس کی کامل زندگی، آسمانی باپ اور اپنے باپ کے تمام بچوں کی خدمت کے لئے وقف تھی۔ باپ اور بیٹے کا مشترکہ مقصد ہم سب کو لافانیت کا تحفہ اور ابدی زندگی کی برکات دینا ہے (دیکھیے موسیٰ ۱:۳۹)۔

ابدی زندگی کے معیار پر پورا اُترنے کے لیے، ہم لازماً یسوع مسیح کے کفارہ کے سبب تبدیل ہوں — پھر سے پیدا ہوں اور گناہ سے پاک ہوں۔ تاہم، چھوٹے بچے جو آٹھ سال سے کم عمر ہیں، گناہ سے مبرا ہیں اور کفارہ سے نجات پاتے ہیں۔(دیکھیے مضایاہ ۳:۱۶، ۲۱؛ مرونی ۸:۱۰—۱۲)۔

ہم میں سے وہ سب جو احتساب کی عمر کو پہنچتے ہیں، ہمارے لیے ایک شاندار منصوبہ ہے جو ہمیں گناہوں سے مخلصی دیتا اور ابدی زندگی کے لیے تیار کرتا ہے۔ یہ تیاری کہانتی عہدیدار سے بپتسمہ لینے اور روح القدس پانے سے شروع ہوتی ہے۔ پھر ہم لازماً منجی کو ہمیشہ یاد رکھیں اور اُن حکموں کو مانیں جو اُس نے ہمیں دیے ہیں۔

بنیامین بادشاہ نے مورمن کی کتاب میں اپنے لوگوں کو اُس خوشی کے بارے میں بتایا، جو یسوع مسیح کے کفارہ کے ذریعہ گناہ معاف ہو جانے کے احساس سے حاصل ہوتی ہے۔ پھر اُس نے انہیں سکھایا کہ گناہوں کی اِس معافی کو قائم رکھنے کے لیے، وہ اپنے بچوں کو لازمی سکھائیں کہ وہ ایک دوسرے کی خدمت کریں اور جہاں تک ممکن ہو، وہ سخاوت کریں تاکہ وہ اپنے اطراف میں رہنے والوں کی دنیاوی اور روحانی ضروریات پوری کر سکیں۔ (دیکھیے مضایاہ ۴:۱۱—۱۶)۔

اُس نے یہ بھی سکھایا کہ، ”اور دیکھو میں یہ باتیں تمھیں اس لیے بتاتا ہوں تاکہ تم حکمت سیکھو کہ تم سیکھو کہ جب تُم اپنے ہمسائے کی خدمت کرتے ہو تو تُم فقط اپنے خدا کی خدمت کر رہے ہوتے ہو۔“ (مضایاہ ۲:۱۷)۔

یسوع اپنی انجیل کی منادی اور بھلائی کرتا پھرا (دیکھیے اعمال ۱۰:۳۸)۔ اُس نے بیماروں کو شفادی۔ اُس نے مردوں کو جلایا۔ اپنی طاقت کے ذریعہ اُس نے ہزاروں کو کھلایا جب وہ بھوکے تھے اور اُن کے پاس کھانا نہیں تھا (دیکھیے متی ۱۴:۱۴-۲۱؛ یوحنا ۶:۲-۱۳)۔ جی اٹھنے کے بعد اُس نے اپنے کئی شاگردوں کو کھانا دیا جو گلیل کے سمندر کنارے اُسے ملے۔ (دیکھیے یوحنا ۲۱:۱۲-۱۳)۔ براعظم امریکہ میں اُس نے بیماروں کو شفادی اور ایک ایک کر کے بچوں کو برکت دی (دیکھیے ۳ نیفی ۱۷:۷-۹، ۲۱)۔

یعقوب رسول نے، ہمیں سکھایا کہ جو کچھ خداوند نے ہمارے لیے کیا اس کے شکرانے سے دوسروں کی خدمت کی خواہش کیسے پیدا ہوتی ہے:

”لیکن جو شخص آزادی کی کامل شریعت پر غور سے نظر کرتا ہے وہ اپنے کام میں اس لیے برکت پائے گا کہ سُنکر بھولتا نہیں بلکہ عمل کرتا ہے۔ . . .

”ہمارے خدا اور باپ کے نزدیک خالص اور بے عیب دینداری یہ ہے کہ یتیموں اور بیواؤں کی مصیبت کے وقت اُن کی خبر لیں اور اپنے آپ کو دُنیا سے بیداغ رکھیں“ (یعقوب ۱:۲۵، ۲۷)۔

آپ کے پاکیزہ ہو جانے کی ایک یقین دہانی یہ بھی ہے کہ نجات دہندہ کے واسطے، آپ میں دوسروں کی خدمت کی خواہش میں اضافہ ہو گا۔ خاندانی تدریس اور خاندانی ملاقات کرنا ایک مشکل کام لگنے کی بجائے خوشی کا باعث ہوں گے۔ آپ خود کو زیادہ تر کسی مقامی سکول میں رضاکارانہ خدمت یا اپنے سماج میں غریبوں کی مدد کرتے پائیں گے۔ اگرچہ آپ کے پاس اُن کو دینے کے لیے کم پیسے ہوں، جن کے پاس کچھ بھی نہیں، تو بھی آپ یہ چاہیں گے آپ کے پاس مزید ہوتے تاکہ آپ زیادہ دے سکتے (دیکھیے مضایاہ ۴:۲۴) آپ خود کو اپنے بچوں کی خدمت کرنے اور اُن کو یہ دکھانے کہ دوسروں کی خدمت کیسے کی جاتی ہے، کے لیے رضامند پائیں گے۔

جوں جوں آپ کی فطرت تبدیل ہوتی ہے، آپ بے لوث خدمت کرنے کی زیادہ خواہش محسوس کریں گے۔ میں نجات دہندہ کے ایسے شاگردوں کو جانتا ہوں جنھوں نے

پیسے اور خدمت کی شکل میں بہت سے تحائف اس ارادے سے دیئے کہ صرف خدااور اُن کے بچوں کو ہی اِس کے بارے میں معلوم ہو۔ خدا نے اُن کی خدمت کو، اُن کی زندگی میں برکات دے کر تسلیم کیا، اور وہ اُن کو آنے والی ابدی زندگی میں بھی برکات دے گا (دیکھیے متی ۶:۴-۱؛ ۳ نیفی ۱۳: ۱-۴)۔

جیسے آپ نے دوسروں کی خدمت کرنے کے حکم کو مانا ہے (دیکھیے متی ۲۲: ۳۹)، آپ نے اپنے تکبر کے احساس میں تبدیلی محسوس کی ہو گی۔ منجی نے اپنے شاگردوں کی اُس وقت تصحیح کی جب وہ یہ بحث کر رہے تھے کہ اُن میں زیادہ بڑا کون ہو گا۔ اُس نے فرمایا:

”اور نہ تم ہادی کہلاؤ کیونکہ تمہارا ہادی ایک ہی ہے، یعنی مسیح۔

”لیکن جو تم میں بڑا ہے وہ تمہارا خادم بنے“ (متی ۲۳: ۱۰-۱۱)

منجی ہمیں تعلیم دیتا ہے کہ ہم دوسروں کی خدمت کیسے کر سکتے ہیں۔ اُس نے بہترین خدمت کی اور ہمیں بھی ایسے ہی خدمت کرنا سیکھنا ہے جیسا اُس نے سیکھا —— درجہ بدرجہ (دیکھیے تعلیم و عہد ۹۳: ۱۲-۱۳)۔ اپنی اِس خدمت کی بدولت جو ہم دوسروں کے لیے کرتے ہیں ہم اُس کی مانند بن سکتے ہیں۔ ہم اپنے دل کی تمام توانائی سے دُعا کریں گے کہ ہم اپنے دشمنوں سے پیار کریں جیسا کہ اُس نے کیا (دیکھیے متی ۵: ۴۳-۴۴؛ مرونی ۷: ۴۸)۔ تب ہم آخر کار اِس لائق ہوں گے کہ ہم اُس کے اور اپنے آسمانی باپ کے ساتھ ابدی زندگی گزار سکیں۔

میں وعدہ کرتا ہوں کہ جب ہم مسیح کی تعلیمات اور نمونے کی پیروی کرتے ہیں تو ہم زیادہ بہتر طور پر خدمت کر پائیں گے۔

---

### اِس پیغام سے سکھانا

ایلڈر ایم. رسل بیلرڈ جو بارہ رسولوں کی جماعت سے ہیں، ہماری حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ہم خدمت کرنے کے موقعوں کے لیے دُعا کریں: ”ہر نئے دن کو، اپنی صبح کی دُعا میں آسمانی باپ سے درخواست کیجیے کہ اُس کے بیش قیمت بچوں میں سے کسی کی خدمت کے موقع کو پہچاننے میں وہ آپ کی رہنمائی کرے۔ پھر تمام دن۔۔۔ کسی کو دیکھتے رہیں جس کی آپ مدد کر سکتے ہیں“ (“Be Anxiously Engaged,” *Ensign* or *Liahona*, نومبر ۲۰۱۲، ۳۱)۔ جن کو آپ تعلیم دیتے ہیں انہیں دعوت دیجئے کہ وہ یہ مقصد بنائیں کہ ہر صبح خدمت کے مواقع کے لیے دُعا کریں اور پھر تمام دن اُن کی تلاش کریں۔

## نوجوانان

### اُس کی دُعا کا جواب

از سفی لیل کمالو

**ایک** رات کسی اور عقیدہ سے تعلق رکھنے والی دوست مجھ سے ملاقات کو آئی۔ عموماً میں صحائف کا مطالعہ اکیلے ہی کرتی ہوں، اور اس رات بھی میں نے مطالعہ کی غرض سے صحائف کو نکالا تھا۔ روح نے مجھے ترغیب دی کہ میں اسے بھی اپنے ساتھ صحائف کے مطالعہ کی دعوت دوں، مگر میں ڈرتی تھی اس لیے میں نے اکیلے ہی پڑھنا شروع کر دیا۔ میں جانتی تھی کہ میں نے روح کی ہدایت کو نظر انداز کیا ہے۔ چند منٹ ہی گزرے تھے کہ میں نے محتاط انداز میں اُس سے دریافت کیا، ”کیا تم میرے ساتھ صحائف کا مطالعہ کرنا چاہو گی؟“ اس نے بنا کسی ہچکچاہٹ کے جواب دیا، ”ہاں“۔

پھر ہم نے مورمن کی کتاب سے مطالعہ کیا۔ اُس نے مجھ سے چند سوالات کیے اور میں نے محسوس کیا کہ روح القدس اُن کے جوابات دینے میں میری مدد کر رہا تھا۔ میں نے مورمن کی کتاب کی سچائی کی گواہی دی۔ جب میں یہ کر چکی تو اُس نے مجھے بتایا، ”میں سارا دن روتی اور خوفزدہ رہی ہوں۔ جب تم نے مجھے اپنے ساتھ صحائف کا مطالعہ کا کہا تو میں نے خدا سے مدد کے لیے دُعا کی تھی۔ اب میں کافی بہتر محسوس کر رہی ہوں۔ تمہارا بہت شکریہ۔“

خداوند نے ایک دُعا کا جواب دینے، اور اُس کے ایک ضرورت مند بچے کی خدمت کے لیے مجھے ایک اوزار کی طرح استعمال کیا۔ میں جانتی ہوں کہ روح کی ترغیب، جلالی اور دانشمند باپ کی جانب سے ابدی ہدایات ہیں۔ جب ہم اپنے خوف کو ایک طرف رکھ دیتے ہیں تو ہم اپنی فرمانبرداری کے ذریعے اُسے اس کی طاقت ظاہر کرنے کا موقع دیتے ہیں۔

مصنف گیوٹنگ، ساؤتھ افریقہ میں رہائش پذیر ہے۔

## بچے

### خدمت کرنے کے طریقے تلاش کریں

**آپ** یسوع مسیح کی پیروی کرتے ہوئے دوسروں کی خدمت کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اپنی ایک ایسی تصویر بنائیے جس میں آپ خاندان کے رکن یا کسی دوست کی مدد کر رہے ہوں اور اِس تصویر کو کسی ایسی جگہ آویزاں کریں جہاں یہ آپ کو روزانہ رحمدل ہونے کی یاد دہانی کرائے۔

© 2014 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یوایس اے میں شائع ہوا۔ انگریزی میں منظوری 6/13۔ ترجمہ کی منظوری 6/13۔
صدارتی مجلس اعلیٰ کے پیغام مارچ ۲۰۱۴ کا Urdu ترجمہ۔ 434 10863

ایمان، خاندان، فلاح

# یسوع مسیح کا ابدی مشن: دنیا کا نور

اِس مواد کا دُعا گو ہو کر مطالعہ کریں اور جاننے کی خواہاں ہوں کیا شیئر کرنا ہے۔ نجات دہندہ کے مشن اور زندگی کو سمجھنا اُس پر آپکے ایمان کو کیسے بڑھاتا اور اُن کو برکت دیتا ہے جن کی خاندانی تدریس کے ذریعے آپ دیکھ بھال کرتی ہیں؟ مزید معلومات کے لئے reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

**یہ نجات دہندہ کے مشن کے پہلوؤں کو بیان کرتے ہوئے معلماتی پیغامات کی سیریل کا حصہ ہے۔**

**جب** ہم یہ سمجھتی ہیں کہ یسوع مسیح دنیا کا نور ہے، تو اُس پر ہمارے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور ہم دوسروں کے لیے نور بنتی ہیں۔ مسیح نے اپنے کردار بطورِ ”ایسے حقیقی نور جو ہر اُس مرد اور عورت کو منور کرتا ہے، جو اِس دنیا میں آتا ہے“ گواہی دی ہے (تعلیم عہد ۹۳:۲) اور ہمیں کہا ہے کہ ”اپنی روشنی اونچی رکھنا تاکہ یہ دنیا پر چمکے“ (۳نیفی ۱۸:۲۴)

ہمارے نبیوں نے بھی مسیح کے نور کی گواہی دی ہے۔ صدر ہنری بی. آئرنگ، صدارتی مجلسِ اعلیٰ میں مشیر اول نے فرمایا: ”ہر مرتبہ جب بھی آپ نجات دہندہ کی طرح زندگی گزارنے کی مزید کوشش کرتے ہیں، تو آپ کی گواہی مظبوط ہوتی ہے۔ آپ اُسی وقت یہ جان لیں گے کہ وہ دنیا کا نور ہے۔۔۔ آپکی زندگی سے دوسروں تک مسیح کا نور منعکس ہوگا۔“[1]

بارہ رسولوں کی جماعت سے ایلڈر کیونٹین ایل. کُک نے ہمارے دنیا کے نور بننے کے بارے میں کہا: ”ہمیں اپنے خاندانوں کی حفاظت کرنی ہے اور یہ ضروری ہے کہ ہم اچھائی کرنے والے لوگوں کے ساتھ مل کر ہر وہ کام کریں جس سے ہمارے سماج میں نور، امید اور اخلاقیات محفوظ رہیں“۔[2]

## صحائف میں سے

یوحنا ۸:۱۲؛ تعلیم وعہد ۵۰:۲۴؛ ۱۱۵:۵

## ہماری تاریخ سے

**مقدسین** آخری ایام کی خواتین آج بھی اپنے نور کو اُٹھائے ہوئے ہیں۔

ہانگ کانگ، چین کی ایک اونچی بلڈنگ کی ۸۰ ویں منزل پر ایک غیر شادی شدہ بہن جو جسمانی طور پر معذور بھی تھی —— اپنے خاندان سے صرف وہی مقدسین آخری ایام رکن تھی —— اُس نے ایک ایسا گھر بنایا جو ایک جنت تھا جہاں وہ اور آنے والے ملاقاتی روح کے اثر کو محسوس کر سکتے تھے۔ وہ اپنے صحائف، ریلیف سوسائٹی کے کتابچے اور اپنی گیت کی کتاب کو قریب ہی رکھتی۔ وہ اپنے اجداد کے لیے عہد باندھنے کے لیے ہیکل کا سفر بھی کرتی۔[3]

برازیل میں ایک راستباز ماں نے انجیل کی روشنی میں اپنے بچوں کی پرورش کی۔ اُس کے لال اینٹوں سے بنے گھر کی فضا پرائمری کے گیتوں سے گونجتی رہتی، جبکہ دیواریں لیحونا میں سے لی گئی ہیکل، خدا کے نبیوں اور مسیح کی تصاویر سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ اُس نے اور اُس کے شوہر نے ہیکل میں سر بمہر ہونے کے لیے قربانی دی تاکہ اُن کے بچے اُسی عہد میں جنم لیں۔ یہ اُس کی مسلسل دُعا تھی کہ خدا اُس کی مدد کرے تاکہ وہ اپنے بچوں کی پرورش انجیل کی روشنی میں مضبوطی سے کر سکے۔[4]

**حوالہ جات**

۱۔ انزائن یا لیحونا مئی ۲۰۱۱، ۱۲۸۔ ”A Living Testimony,“ ہنری بی۔ آئرنگ،
۲۔ کیونٹین ایل. کُک، ”Let There Be Light!“، انزائن یا لیحونا نومبر ۲۰۱۰، ۳۰۔
۳۔ دیکھئے میری سلطنت میں بیٹیاں: ریلیف سوسائٹی کی تاریخ اور کام، (۲۰۱۱) ۱۶۳۔ ۶۴۔
۴۔ دیکھئے میری سلطنت میں بیٹیاں، ۱۶۴۔

## میں کیا کر سکتی ہوں؟

**۱۔** گفتگو کیجیے کہ آج کے زمانے میں اس دنیا کا نور بننے سے کیا مُراد ہے۔

**۲۔** غور کیجیے کہ مسیح کے نور کی پیروی کرنا کیسے آزمائشوں کو برداشت کرنے میں آپ کی کیسے مدد کرتی ہے۔

© 2014 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں شائع ہوا۔ انگریزی میں منظوری 6/13۔ ترجمہ کی منظوری 6/13۔
خاندانی تدریسی پیغام مارچ ۲۰۱۴ کا Urdu ترجمہ۔ 10863 434